Write your name here

| Surname | Other names |
|---|---|
| | |

**Pearson Edexcel GCE**

Centre Number | Candidate Number

# Urdu

## Advanced Subsidiary
## Unit 2: Understanding and Written Response

Monday 11 May 2015 – Afternoon
**Time: 2 hours 30 minutes**

Paper Reference
**6UR02/01**

**You must have:**
Listening equipment
CD/mp3

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need.*
- You **must** begin with Section A: Listening, and complete this section within 45 minutes. You must **not** replay the recording after the first 45 minutes of the test.
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The paper is divided into 3 sections.
- The total mark for this paper is 70.
- The marks for **each** question are shown in brackets – *use this as a guide as to how much time to spend on each question.*
- Section B of this paper features a question that requires responses in English – *in order to convey these clearly, please ensure that you write legibly and check your spelling, punctuation and grammar.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▶


©2015 Pearson Education Ltd.
1/1/1/1/1/


PEARSON

## SECTION A: LISTENING

وقت کے لحاظ سے اقتباسات کی لمبائی کا اندازہ درج ذیل ہے :

| | | |
|---|---|---|
| اقتباس نمبر1: | 1 منٹ | 07 سیکنڈ |
| اقتباس نمبر2: | 0 منٹ | 57 سیکنڈ |
| اقتباس نمبر3: | 1 منٹ | 17 سیکنڈ |
| اقتباس نمبر4: | 2 منٹ | 00 سیکنڈ |

امتحان کے دوران آپ ریکارڈنگ کو جب چاہیں جہاں سے چاہیں اور جتنی بار چاہیں سُن سکتے ہیں۔
آپ چاہیں تو ضروری باتیں علیحدہ کاغذ پر بھی لکھ سکتے ہیں۔

سوال نمبر1:

اقتباس کو غور سے سنیے اور اِسکی روشنی میں درجِ ذیل بیانات سے صحیح بیانات کے سامنے ☒ کا نشان لگائیے۔

(i) ثنا فیشن کی ہر چیز:

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** کبھی کبھی خریدتی ہے۔ |
| ☒ | **B** فوراً خریدتی ہے۔ |
| ☒ | **C** خریدنا پسند نہیں کرتی۔ |

(ii) ثنا کی اِس عادت کو:

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** سب جانتے ہیں۔ |
| ☒ | **B** صرف چند لوگ جانتے ہیں۔ |
| ☒ | **C** کوئی نہیں جانتا۔ |

(iii) ثنا کے پاؤں کے مڑنے کی وجہ:

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** جوتے کی ایڑی کا ٹوٹنا تھا۔ |
| ☒ | **B** اُس کا تیز چلنا تھا۔ |
| ☒ | **C** جوتا بہت تنگ تھا۔ |

(iv) علی کے مطابق ہر فیشن اپنانا:

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** اچھی بات ہے۔ |
| ☒ | **B** عام بات ہے۔ |
| ☒ | **C** بُری بات ہے۔ |

**(Total for Question 1 = 4 marks)**

**BLANK PAGE**

سوال نمبر 2:

اقتباس سُن کر مندرجہ ذیل بیانات میں سے صرف چار صحیح بیانات پر ☒ کا نشان لگائیے۔

| | |
|---|---|
| **A** پاکستان میں اکثر سیلاب آنے لگے ہیں۔ | ☒ |
| **B** پاکستان کے پہاڑی علاقوں میں زیادہ سیلاب آنے لگے ہیں۔ | ☒ |
| **C** سیلاب سے زیادہ تر کچے مکان گرتے ہیں۔ | ☒ |
| **D** صرف خیراتی اِدارے ہی امدادی کاموں میں حصہ لیتے ہیں۔ | ☒ |
| **E** غریب لوگ سیلاب زدہ لوگوں کے لئے کچھ بھی خرید کر نہیں دے سکتے۔ | ☒ |
| **F** حکومت سیلاب زدہ لوگوں کی کوئی مدد نہیں کر رہی ہے۔ | ☒ |
| **G** پرانے مکانوں کی مرمت کی جارہی ہے۔ | ☒ |
| **H** متاثرہ لوگوں کو پھر سے بسانے کا کام ابھی جاری ہے۔ | ☒ |

**(Total for Question 2 = 4 marks)**

سوال نمبر 3:

اقتباس کے مطابق نیچے دی گئی خالی جگہوں کو صحیح اردو الفاظ کے ساتھ لکھے ہوئے **انگریزی حروف** سے پُر کیجیے۔

(i) کھیل کے میدان میں پاکستانی خواتین نے کئی بار ☐ حاصل کی ہے۔

(ii) کرکٹ میں گولڈ میڈل حاصل کرنا پورے ملک کے لیے ☐ کی بات تھی۔

(iii) مقامی کھیلوں کے علاوہ پاکستانی خواتین بین الاقوامی کھیلوں میں بھی ☐ حصہ لے رہی ہیں۔

(iv) دوسرے ملکوں میں کھیلنے کے لئے پاکستانی خواتین کو بہت ☐ کرنا پڑتی ہے۔

| | |
|---|---|
| **A** | مشق |
| **B** | شہرت |
| **C** | بھرپور |
| **D** | بہت کم |
| **E** | جدوجہد |
| **F** | فخر |
| **G** | عزت |
| **H** | کامیابی |

**(Total for Question 3 = 4 marks)**

سوال نمبر 4:

انٹرویو کو سُن کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اردو میں لکھیے ۔

(a) پچھلے پروگرام میں فراز کے ساتھ بات چیت کا کیا موضوع تھا؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(b) تحقیق کے مطابق صحت کے لئے کیا چیز زیادہ فائدہ مند ہے؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(c) زیادہ تر لوگ گھر یا دفتر میں کیا کرتے ہیں؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(d) فراز نے کِن دو باتوں کو بدلنے کے لئے کہا ہے؟ **(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(e) سیما نے کھانا پکانے والوں کے لئے کیا کہا ہے؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(f) کھانے کے بعد زیادہ بیٹھے رہنے سے کیا نقصان ہوسکتا ہے؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(g) سیما نے اپنے پروگرام کے آخر میں کیا کہا ہے؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 4 = 8 marks)**

**TOTAL FOR SECTION A = 20 MARKS**

**SECTION B: READING**

اقتباس نمبر 5:

ہارون: کچھ لوگ ملنے جلنے والوں کو بھی اپنا دوست سمجھ لیتے ہیں جبکہ اُنہیں ایک دوسرے کے بارے میں بہت کم معلومات ہوتی ہیں اور ملنے ملانے کا مقصد صرف کھانا پینا اور بات چیت کرنا ہوتا ہے۔ ایسے لوگوں سے ملاقات نہ بھی ہو تو کوئی خاص فرق محسوس نہیں ہوتا۔

آمنہ: اچھا دوست وہ ہوتا ہے جو نہ صرف آپ کے سامنے بلکہ آپ کی غیر موجودگی میں بھی آپ کی کمزوریوں پر پردہ ڈالے۔ بعض لوگ دوسروں کے ساتھ مل کر اپنے ہی دوستوں کا مذاق اڑاتے ہیں۔ ایسے لوگ کبھی بھی کسی کے سچے دوست نہیں ہو سکتے۔

شیراز: بچپن کے اچھے دوستوں کا ساتھ کبھی بھی نہیں چھوڑنا چاہیے۔ یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو عمر کے ہر دَور میں آپ کی زندگی کا اہم حصہ ہوتے ہیں۔ وقت بے وقت اچھے بُرے میں آپ کا ساتھ دیتے ہیں۔ میرے نزدیک خوش قسمت لوگوں کو ہی ایسے دوست نصیب ہوتے ہیں۔

حنا: ہماری زندگی میں رشتہ داروں کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔ لیکن اکثر غلط فہمیاں اِس لیے پیدا ہو جاتی ہیں کہ ہم دوستی اور رشتہ داری کو ایک ہی جیسا سمجھتے ہیں۔ بہت سے مسائل ایسے ہوتے ہیں جِن کے بارے میں صرف دوستوں سے ہی بات کی جا سکتی ہے اور اُن سے اچھے مشورے بھی مل جاتے ہیں۔

سوال نمبر 5:

کِس نے کیا کہا؟ سامنے دیے گئے اقتباسات کو پڑھ کر صحیح نام کے آگے ☒ نشان لگائیے۔
ایک نام دو مرتبہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

| | A<br>ہارون | B<br>آمنہ | C<br>شیراز | D<br>حنا |
|---|---|---|---|---|
| (i) پرانی دوستی ہمیشہ نبھانی چاہیے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (ii) دوستی اور رشتہ داری کو ملانا نہیں چاہیے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iii) دوستی صرف ساتھ مل کر کھانے پینے کا نام نہیں۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iv) ہر ایک کو اچھے دوست نہیں ملتے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (v) اچھا دوست اپنے دوست کی بُرائی نہیں سن سکتا۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |

**(Total for Question 5 = 5 marks)**

**BLANK PAGE**

اقتباس نمبر 6:

Read the passage and answer the questions below **in English**. Your answers must relate exclusively to the passage and convey **all** the relevant information.

مشہور گلوکارہ میڈونا کے گانے کا انداز آج بھی اُنہیں مشہور اور مقبول بنائے ہوئے ہے۔ دوسری طرف وہ غریب اور ضرورت مند لوگوں کی مدد کے لئے بھی عالمی شہرت رکھتی ہیں۔ لندن میں ہونے والے ایک کنسرٹ کے دوران اُنہوں نے اعلان کیا کہ اِس شو سے جمع کی ہوئی تمام رقم کراچی کی ایک غریب بستی میں لڑکیوں کے ایک اسکول کی عمارت کو وسیع کرنے میں خرچ کی جائے گی۔ رقم جمع کرنے کے لئے میڈونا نے وہاں پر موجود لوگوں سے کہا کہ اگر وہ اسکول کی پہلی منزل کی تعمیر کی ذمہ داری لے لیں تو باقی اسکول کی عمارت کے اخراجات وہ خود پورا کرے گی۔ یہ اسکول چند سال پہلے بننا شروع ہوا تھا اور اِس میں اب تک دو ہزار سے زیادہ لڑکیاں تعلیم حاصل کر چکی ہیں۔ اِس نیک کام کے لئے میڈونا نے اپنا قیمتی ہار بھی نیلام کر دیا۔ اُن کا کہنا ہے کہ لڑکیوں کی تعلیم کے مقابلے میں اِس ہار کی کوئی قیمت نہیں۔

**6** (a) Why is Madonna so popular? **(1)**

..............................................................................................................

(b) What else has she done to gain international popularity? **(1)**

..............................................................................................................

(c) What has she asked the audience to do? **(1)**

..............................................................................................................

(d) What is her promise to the audience? **(1)**

..............................................................................................................

(e) What does Madonna say about her auctioned necklace? **(1)**

..............................................................................................................

**(Total for Question 6 = 5 marks)**

اقتباس نمبر 7:

میں ہر دوسرے سال چھٹیاں گزارنے پاکستان جاتی ہوں۔ میرے چچا جان کراچی میں رہتے ہیں اور اُن کا اصرار تھا کہ میں اِس سال اُن کے پاس رہوں۔ پاکستان جانے کے لئے مجھے جو پرواز ملی اُسے دوبئی سے ہوتے ہوئے کراچی جانا تھا۔ کراچی ایرپورٹ پر بہت بھیڑ تھی۔ کیونکہ کئی پروازیں ایک ساتھ آ گئی تھیں۔ سامان کی بیلٹ پر میرا ایک سوٹ کیس تو فوراً آ گیا، لیکن دوسرا ایک لمبے انتظار کے بعد آیا۔ باہر نکلی تو چچا جان انتظار کرتے ہوئے ملے۔ راستے میں چچا جان نے بتایا کہ وہ پچھلے سال اپنی کوٹھی بیچ کر ایک فلیٹ میں آ گئے تھے۔ میری کراچی آنے کی ساری خوشی غائب ہوگئی۔ سوچا تھا کہ کوٹھی میں خوب آرام سے رہوں گی، اپنا کمرہ ہوگا اور باہر لان میں خوب تفریح کریں گے۔ خیر اب تو جو بھی تھا گزارا کرنا تھا۔ چچا جان کا فلیٹ شہر سے ذرا فاصلے پر تھا۔ بیچ کا علاقہ سنسان تھا۔ میں نے سوچا کہ چچا جان کو کیا سُوجھی کہ اِتنے اچھے علاقے کو چھوڑ کر ویرانے میں آ گئے۔

اپنی منزل پر پہنچے تو معلوم ہوا کہ ایک بارونق شہر آباد ہے۔ پانچ منزلہ عمارت میں کتنے فلیٹ تھے میں اندازہ نہیں لگا سکی۔ اِسکے چاروں طرف دکانیں ہی دکانیں تھیں۔ اندر جانے کے لئے گارڈ نے گیٹ کھولا۔ ہر فلیٹ میں رہنے والوں کے لئے پارکنگ کی جگہیں مخصوص تھیں۔ چچا جان کا فلیٹ تیسری منزل پر تھا۔ لِفٹ چل رہی تھی، سامان لے کر اوپر پہنچے۔ چچی جان اور اُن کی بیٹی نے ہمارا استقبال کیا۔ فلیٹ باہر سے جتنا چھوٹا نظر آتا تھا اندر سے اُتنا ہی بڑا اور شاندار تھا۔ کھانے اور بیٹھنے کے کمروں کے علاوہ پانچ بڑے بڑے سونے کے کمرے اور ہر ایک کا اپنا غسل خانہ تھا۔ ہوادار ایسا کہ کھڑکیاں کھول دو تو پنکھے کی ضرورت نہ رہے۔ بالکونی سے پورے شہر کا نظارہ کر لیں۔

دن بھر ہم شاپنگ یا دوستوں سے ملنے کے لئے چلے جاتے۔ شام کا وقت اکثر چچا جان کے ساتھ گزرتا۔ چچی جان بہت عمدہ کھانا پکاتی ہیں لیکن چچا جان شام کو نیچے کے ریسٹورنٹ سے کچھ نہ کچھ ضرور منگوا لیتے۔ چچی جان کے منع کرنے پر کہتے "تمہیں نہیں پتا، آجکل کے بچے بازار کے کھانے زیادہ شوق سے کھاتے ہیں" اُنہیں کیا معلوم کہ میری طبیعت اِسکے برعکس ہے۔ پھر بھی میں اُنکا دِل رکھنے کے لئے کچھ نہ کہتی۔



P44426A01220

سوال نمبر 7:

اوپر دیے گئے متن کے حوالے سے مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات جہاں تک ممکن ہو اپنے **الفاظ** میں اردو میں لکھیں۔

(a) عالیہ اِس سال کراچی کیوں جانا چاہتی تھی؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

(b) عالیہ کو کراچی جانے کے لئے کیسی پرواز ملی؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

(c) عالیہ کے چچا جان کو ایر پورٹ پر اِتنا انتظار کیوں کرنا پڑا؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

(d) اُسے اپنے چچا جان کے فلیٹ میں جانے کا سُن کر کیوں مایوسی ہوئی؟ (دو باتیں لکھیے)

**(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(e) چچا جان کے فلیٹ کو دیکھ کر اُسے کیسا لگا؟ (دو باتیں لکھیے)

**(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(f) چچا جان کے فلیٹ میں پنکھے کی ضرورت کیوں نہیں تھی؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

(g) چچا جان باہر سے کھانا کیوں منگواتے تھے؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

(h) عالیہ کو کیسا کھانا پسند ہے؟

**(1)**

..................................................................................................................................................

**(Total for Question 7 = 10 marks)**

**TOTAL FOR SECTION B = 20 MARKS**



P 4 4 4 2 6 A 0 1 4 2 0

## SECTION C: WRITING

اقتباس نمبر 8:

طالب علمی کا زمانہ ہماری زندگی کا اہم ترین دور ہوتا ہے۔ ہمارے والدین ہمیں اِس اُمید پر اسکول بھیجتے ہیں کہ ہم وہاں پڑھ لکھ کر ایک اچھے انسان بن سکیں۔ اسکول کے ٹیچر بھی ہمارے لئے رہنما سے کم نہیں ہوتے۔ دیکھا جائے تو یہ بہت بے فکری کا دور ہوتا ہے۔ اسکول کی پڑھائی اور کھیل، بس اِسکے علاوہ اور کوئی ذمہ داری نہیں ہوتی۔ اسکول کی پڑھائی کے بعد محنت بھی زیادہ ہوتی ہے اور ذمہ داریاں بھی بڑھ جاتی ہیں۔

سوال نمبر 8:

**اوپر دی گئی عبارت اردو کے ایک مضمون سے لی گئی ہے۔ 220-200 الفاظ پر مشتمل ایک مضمون اردو میں لکھیے۔ آپ کے مضمون میں درجِ ذیل باتیں شامل ہونی چاہئیں:**

- آپ کو اپنے اسکول کی زندگی کیسی لگی؟ تفصیل سے لکھیے۔
- لڑکے اور لڑکیوں کا ایک ہی اسکول میں پڑھنا بہتر ہے یا نہیں اور کیوں؟
- آپ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد کیا کرنا چاہتے ہیں اور کیوں؟
- پاکستان میں اچھی تعلیم ایک بڑا مسئلہ ہے۔ حکومت کو اِس سلسلے میں کیا کرنا چاہیے؟

.......................................................................................................................................

.......................................................................................................................................

.......................................................................................................................................

**(Total for Question 8 = 30 marks)**

**TOTAL FOR SECTION C = 30 MARKS**
**TOTAL FOR PAPER = 70 MARKS**

BLANK PAGE

**BLANK PAGE**